مطبُوعات

مرشدِ جیلانی کے ارشاداتِ حقانی | مؤلف: مولانا محمد حنیف یزدانی۔ناشر مکتبہ نذیریہ الپٹگین سٹریٹ ۳۔ اچھرہ لاہور۔کتابت طباعت عمدہ سفید کاغذ صفحات ۱۰۴ قیمت -/۲ روپے

مولانا محمد حنیف صاحب نے اپنے اس کتابچہ میں شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی کتب سے اُن کے وہ ارشادات نقل کیے ہیں جن کا تعلق توحیدِ حقیقی سے ہے "نفع و نقصان صرف اللہ کے اختیار میں ہے" "مخلوق سے مانگنے والا بے عقل ہے" "خدا کی تقدیر کو کوئی نہیں بدل سکتا" "غیب دان صرف اللہ ہے" مولانا نے ان عنوانات کے تحت مرشدِ جیلانی کے اقوال نقل کرکے اُن کے عقیدتمندوں کو توجہ دلائی ہے کہ اپنے رسوم و عقائد کو ان کی روشنی میں بدلیں اور اپنی اصلاح کریں۔کتاب کے آغاز میں پیرِ جیلانی کے مختصر سوانح اور ان کے افادات و ملفوظات کو بھی درج کر دیا گیا ہے۔

ہماری رائے میں مولانا کی زیرِ نظر کتاب عامۃ الناس کے لیے قابلِ مطالعہ ہے۔ہم اس کے مطالعہ کی پرزور سفارش کرتے ہیں۔فاضل مؤلف کی خدمت میں ہماری گزارش ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں تبلیغِ دین کی توفیق عطا فرمائی ہے۔انہیں چاہیئے کہ "اُدعُ الیٰ سبیلِ ربک بالحکمۃ والموعظۃِ الحسنۃ" کو ہروقت پیشِ نظر رکھیں۔زیرِ تبصرہ کتاب میں ص۴۳ اور ص۹۵ پر ان کا قلم اس تعلیم کو نظرانداز کر گیا ہے۔

سوانح و تصانیف امام ترمذی | مؤلف پروفیسر امتیاز احمد سعید صاحب۔ناشر مکتبہ عثمانیہ ۱۹۔اردو بازار لاہور۔کتابت طباعت گوارا۔سفید کاغذ صفحات ۱۶۰ قیمت ۵۰/۷ روپے

جامع الترمذی کے مؤلف محمد بن عیسیٰ کی شخصیت محتاجِ تعارف نہیں۔آپ نے جمع و تدوینِ احادیثِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سلسلہ میں جو عظیم الشان خدمت انجام دی وہ "الجامع الصحیح" کی صورت میں امتِ مسلمہ سے خراجِ تحسین وصول کر چکی ہے۔آپ کا مدون کردہ یہ مجموعۂ احادیث صحیحین کے بعد دنیا کا